# اسلامی جمہوریہ ایران کے 47ویں نیشنل ڈے تقریب حیدرآباد میں منعقد، قونصل جنرل حامد احمدیہ کا خطاب

حیدرآباد۔ / 7فروری( باقر علی رپورٹ )اسلامی جمہوریہ ایران کے 47ویں نیشنل ڈے (NATIONAL DAY) کے موقع پر قونصل جنرل اسلامی جمہوریہ ایران مقیم حیدرآباد جناب حامد احمدیہ کی جانب سے ٹرائیڈنٹ ہوٹل ہائی ٹیک سٹی حیدرآباد میں ایک باوقار استقبالیہ تقریب کا انعقادعمل میں آیا۔اس موقع پر اپنے خطاب میں قونصل جنرل ایران جناب حامد احمدیہ نے ایران کی ترقی اورموجودہ عالمی حالات پر تفصیلی روشنی ڈالی۔انہوں نے غزہ وفلسطین میں امریکہ اوراسرائیل کی جانب سے جاری ظلم وبربریت کاذکرکرتے ان کی ہوئے سخت الفاظ میں مذمت کی۔انہوں نے ایران اور ہندوستان کے صدیوں پرانے تاریخی وثقافتی روابط کوبھی اجاگر کیا اور حیدرآباد میں مقیم ایرانی برادری کی خدمات کوسراہا۔تقریب میں جیتندر رکمار،قونصل ترکی مقیم حیدرآباد،چیئرمین اقلیتی کمیشن جناب طارق انصاری،مولانا سید نثارحسین حیدرآقا صاحب صدرکل ہندشیعہ مجلس علما و ذاکرین، مولانا آغا مجاہد حسین صاحب، جناب سید جعفرحسین ایڈیٹرروزنامہ صدائے حسینی، جناب باقر حسن صاحب، نواب نجف علی خان صاحب (نظام سرکار کے پوتے)، جناب حامدمحمدخان جماعت اسلامی، جناب نظرعلی صدر جماعت اسلامی تلنگانہ و آندھراپردیش، حافظ قاری مولانامتین قادری صاحب، جناب سید محمد رضا زیدی (علی پاشا) مرکزی ماتمی قائد، جناب حاجی علی سینئر کانگریس لیڈر، جناب اکبر نیرومند، جناب سید حامدحسین جعفری، مختلف خانقاہوں سے وابستہ مشائخین وعلما کرام سمیت دیگر معزز شخصیات نے شرکت کی۔تقریب کی کارروائی محترمہ فاطمہ نقوی (پی آر او) نے انجام دی۔



نائب قونصل جنرل ایران متعینہ حیدرآباد آغا محسن مخدمی ،جناب جیش رنجن (آئی اے ایس) آفیسر، سابق ڈی جی پی تلنگانہ جناب

# خطباتِ امیر المومنینؑ اورعصر حاضر کے فکری واخلاقی مسائل



حیدرآباد۔ 7/ فروری (پریس نوٹ)کل ہند نہج البلاغہ سوسائٹی کا سمینار بعنوان اصلاح معاشرہ آج یہاں تلگو یونیورسٹی نامپلی حیدرآباد میں شاندار پیمانہ پر انعقادعمل آیا۔ جناب قاری ستار کی قرات کلام پاک سے سمینار کا آغاز ہواجناب سیدعلی طاہر عابدی کی نظامت میں مہمان مقررین نے عنوان کے حوالے سے مخاطب کیا اورشاہ نوازمرزانے نظم پیش کی۔صدرنشین کل ہندنہج البلاغہ سوسائٹی ڈاکٹر شوکت علی مرزا نے ابتدا خیرمقدمی وتعارفی تقریر کرتے ہوئے سوسائٹی کے قیام اورسفر پرمختصر مگر جامع تقریر کے ساتھ موجودہ معاشرہ اور عالمی حالات و مسائل کو خطباتِ امیرالمومنین حضرت علی کی روشنی میں حل کرنے کے راستوں کا حوالہ پیش کیا۔ مہمانِ خصوصی ڈاکٹر علی خان محمودآباد (پروفیسر اشوکا یونیورسٹی) نے نہج البلاغہ کی روشنی جدید علمی ترقی کی امکانات کے حوالے پیش کرتے ہوئے اصلاحِ معاشرہ کا حل بتایا۔ حجتہ الاسلام مولانا آغا مجاہد نے اپنی تقریر میں حضرت علی کی علمی برتری اورخدا کے آگے اپنے آپ کی خود سپردگی کے ساتھ معاشرہ میں بلالحاظ مذہب وملت انسانی حقوق ومساوات اورقیام عدل وانصاف کوحضرت علی کا مقصد قرار دیتے ہوئے معاشرے کو ان تعلیمات پرعمل کرنے کی تلقین کی۔محترمہ سارہ میتھوز سماجی جہدکار، جناب افتخار حسین (فیض عام ٹرسٹ) اوردیگر نے عنوان کے تحت اپنی تقاریر میں ان مجموعی خیالات کا اظہار کیا کہ آج مسلمانانِ عالم کو درپیش مسائل کے چیلنج سے نپٹ کیلئے حضرت علی تعلیمات کوناگزیر قرار دیا۔سمینار میں بلالحاظ مذہب وملت دانشوران کی بڑی تعداد نے شرکت کی اورآخر میں ناظم سمینار سیدعلی طاہر عابدی کے ہدیہ تشکر پراختتام عمل ہوا۔

## ملائیشیا کے وزیراعظم نے کوالالمپور ہوائی اڈے پر وزیراعظم مودی کا پرتپاک استقبال کیا

کوالالمپور، 7 فروری (ہ س)۔ وزیر اعظم نریندر مودی ملائیشیا کے دوروزہ سرکاری دورے پر ہفتہ کوکوالالمپور پہنچنے پر میزبان وزیر اعظم انورابراہیم نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ وزیراعظم مودی کا طیارہ مقامی وقت کے مطابق شام 5 بجے کے قریب کوالالمپور بین الاقوامی ہوائی اڈے پر اترا۔ملائیشیا کے وزیراعظم ایئرپورٹ پر موجود تھے۔ بھارتی ہائی کمشنر بی این ریڈی اور دیگرعہدیداروں کے ساتھ بڑی تعداد میں اسکولی بچے اور ثقافتی فنکار بھی ایرپورٹ پر موجود تھے۔ میزبان وزیراعظم نے گرمجوشی سے وزیراعظم مودی کا گلے سے استقبال کیا۔ملائیشیائی فوج کے مشترکہ دستے نے وزیراعظم کوسلامی دی۔ ثقافتی فنکاروں نے رقص پیش کیا، اوربچوں نے مودی کے استقبال کے لیے ملائیشیا اور ہندوستان کے جھنڈے لہرائے۔وزیراعظم مودی نے ٹویٹر پر لکھا، ''کوالالمپور پہنچا۔ ہوائی اڈے پر میرے دوست وزیراعظم انور ابراہیم کی طرف سے میرا پرتپاک خیرمقدم دیکھ کر میں بہت متاثر ہوا۔میں ہماری بات چیت اور ہندوستان اور ملائیشیا کے درمیان دوستی کے بندھن کومزید مضبوط کرنے کا منتظر ہوں۔" وزیراعظم مودی اس کے بعد اپنے ملائیشیا کے ہم منصب انورابراہیم کے ساتھ مائنز انٹرنیشنل ایگزیبیشن اینڈ کنونشن سینٹر گئے، جہاں وہ ہندوستانی باشندوں سے خطاب کریں گے۔ملائیشیا میں تقریباً3 ملین ہندوستانی آبادہیں،جن میں سے 2.7 ملین سے زیادہ اوورسیز انڈین (اوسی آئی) کارڈ رکھتے ہیں۔ وزیراعظم مودی کے استقبال کے لیے ملیشیا کے دارالحکومت میں مختلف مقامات پر بڑے کٹ آوٹ اور پوسٹر لگائے گئے ہیں۔مودی نے اس دورے پر روانگی سے قبل آج صبح نئی دہلی میں اپنے ایک بیان میں کہا کہ میں آج اپنے دوست وزیراعظم انورابراہیم کی دعوت پر ملائیشیا کے سرکاری دورے پر روانہ ہو رہا ہوں، جس کا اہتمام وزیراعظم ابراہیم کی خصوصی دعوت پر کیا گیا تھا۔ہندوستان اور ملائیشیا کے تاریخی تعلقات میں حالیہ برسوں میں مسلسل ترقی ہوئی ہے۔ میں وزیراعظم انورابراہیم کے ساتھ اپنی بات چیت اور ہماری جامع اسٹریٹجک شراکت داری کومزید مستحکم کرنے کا منتظرہوں۔ ہمارا مقصد دفاعی اورسلامتی کے تعلقات کو مزید گہرا کرنا، اقتصادی اور اختراعی شراکت داری کو بڑھانا اور نئے شعبوں میں تعاون کو بڑھانا ہے۔"مودی نے کہا، ''میں ملائیشیا میں رہنے والی ہندوستانی برادری سے ملنے کا بھی منتظرہوں۔ تقریباً30لاکھ کی تعداد، وہ دنیا کی سب سے بڑی ہندوستانی ڈائیسپورا کمیونٹیز میں سے ایک کی نمائندگی کرتے ہیں۔ملائیشیا کی ترقی میں ان کا بے پناہ تعاون اور ہمارے دونوں مما لک کے درمیان ایک متحرک پل کے طور پران کا کردار ہماری تاریخی دوستی کی مضبوط بنیاد ہے۔"

## صحافی اکرم علی محمد ابوایمل کا پاسپورٹ منسوخ
### تلنگانہ ہائی کورٹ نے حکومت کے فیصلہ کو برقرار رکھا

حیدرآبادحیدرآباد۔ 7رفروری (سفیر نیوزرصدائے حسینی) تلنگانہ ہائی کورٹ نے واضح کیا ہے کہ اگرکسی شخص سے ملک کی سلامتی اورسالمیت کوخطرہ لاحق ہونے کا اندیشہ ہوتو حکومت کواس کا پاسپورٹ منسوخ کرنے کا اختیار حاصل ہے۔اسی بنیاد پرایک صحافی کے پاسپورٹ کی منسوخی کو درست قرار دیا گیا۔ بتایا گیا ہے کہ اکرم علی محمد جو 2005 سے مختلف اردواخبارات میں صحافی کے طور پر کام کرچکے ہیں ان کا پاسپورٹ مرکزی حکومت نے منسوخ کردیا تھا۔بغیرنوٹس پاسپورٹ منسوخی کوانھوں نے عدالت میں چیلنج کیا تھا۔جسٹس ناگیش بھیماپا کا نے ساعت مکمل کرتے ہوئے فیصلہ سنایا۔درخواست گزار کے وکیل نے مقف پیش کیا کہ 10 سالہ مدت والا پاسپورٹ 2018میں تجدید ہوا تھا تاہم 25اکتوبر 2019 کو پاسپورٹ ایکٹ کی دفعات کے تحت یکطرفہ طور پرمنسوخی کی اطلاع دی گئی نہ پیشگی نوٹس دیا گیااورنہ وضاحت کا موقع فراہم کیا گیا جو قدرتی انصاف کے اصولوں کے خلاف ہیاس دلیل پر ریجنل پاسپورٹ افسر کے وکیل نے بتایا کہ ریاستی انٹیلیجنس کی خفیہ رپورٹ کی بنیاد پر پاسپورٹ منسوخ کیا گیا۔رپورٹ میں اندیشہ ظاہر کیا گیا تھا کہ درخواست گزار بیرونِ ملک ایسی سرگرمیوں میں ملوث ہوسکتا ہے جو بھارت کی خودمختاری اورسالمیت کے لئے نقصان دہ ہوں۔مزید کہا گیا کہ انٹیلیجنس اطلاعات کے مطابق ان کے بعض مشتبہ روابط بھی ہیں اور ماضی میں ان کے خلاف سنگین الزامات سامنے آئے تھے۔فریقین کے دلائل سننے کے بعد ہائی کورٹ نے کہا کہ پاسپورٹ کی بحالی کوئی بنیادی حق نہیں بلکہ قانونی ضوابط کے تحت ہی پاسپورٹ جاری یامنسوخ کیا جاتا ہے۔عدالت نے یہ بھی واضح کیا کہ قومی سلامتی اورعوامی مفاد سے متعلق معاملات میں قدرتی انصاف کے اصولوں سے استثنی ممکن ہے،اوراسی بنیاد پر درخواست کوخارج کردیا گیا۔

## حیدرآباد تلنگانہ فارنسک سائنس لیبارٹری میں آگ لگنے کا بڑا واقعہ



حیدرآباد حیدرآباد۔ 7رفروری (سفیر نیوزر صدائے حسینی) حیدرآباد کے نامپلی علاقہ ریڈہلز میں واقع تلنگانہ فارنسک سائنس لیبارٹری میں ہفتہ کی صبح آگ لگنے کا ایک بڑا واقعہ پیش آیا۔یہ آگ صبح تقریبا 10 بجے لگی جس کے فوری بعد مقامی پولیس نے فائر ڈیپارٹمنٹ کو اطلاع دی۔واقعہ کی اطلاع ملتے ہی فائر بریگیڈ کی کئی گاڑیاں وہاں پر پہنچ گئیں اورآگ پر قابو پانے کی جدوجہد شروع کردی گئی۔یہ لیبارٹری نامپلی پولیس اسٹیشن کے قریب واقع ہے جس کی وجہ سے آس پاس کے علاقہ میں شدید تناؤ دیکھا گیا۔احتیاطی تدابیر کے طور پر پولیس نے اس روٹ پر ٹریفک کا رخ موڑ دیا ہے تاکہ امدادی کارروائیوں میں کوئی رکاوٹ نہ آئے۔فائر فائٹرس تاحال شعلوں پر قابو پانے کی کوشش کررہے ہیں۔ چونکہ یہ ایک انتہائی حساس مقام ہے جہاں کئی اہم مقدمات کے شواہداور کیمیکلس موجود ہوتے ہیں، اس لئے اس آگ سے ہونے والے نقصان کا خدشہ ظاہر کیا جارہا ہے۔

## لون فراڈ: واٹس ایپ لنک پر کلک کرتے ہی خاتون کا پرائیویٹ ڈیٹا چوری

حیدرآبادحیدرآباد۔ 7رفروری (سفیر نیوزرصدائے حسینی) تلنگانہ میں فوری لون کے نام پر دھوکہ دہی کے معاملات تیزی سے بڑھ رہے ہیں۔سائبرمجرم جعلی لون ایپس کے ذریعے موبائل فون کا ڈیٹا چرا کرلوگوں کو بلیک میل کررہے ہیں۔بغیر دستاویزات کے فوری قرض کا لالچ دینے والے آن لائن اشتہارات حیدرآباد اور قریبی علاقوں میں شہریوں کوآسانی سے نشانہ بنا رہے ہیں۔سائبرمجرم سوشل میڈیا پر بغیر دستاویزات فوری لون، آسان ای ایم آئی اورمحدود وقت کی پیشکش جیسے پیغامات پھیلا کرلوگوں کولنکس پر کلک کرنے پر مجبور کرتے ہیں۔لنک پر کلک کرتے ہی صارف سے ایک اے پی کے فائل ڈاؤن لوڈ کروائی جاتی ہے جودراصل مالویئر ہوتی ہے۔ انسٹال ہونے کے بعدفون کی تصاویر، کانٹیکٹس اور پیغامات تک رسائی حاصل کرلی جاتی ہے اور بعد میں بلیک میلنگ شروع ہو جاتی ہے۔حیدرآباد میں حالیہ واقعات نے سب کو چونکا دیا ہے۔ ایک 26 سالہ خاتون نے واٹس ایپ لنک سے لون ایپ ڈاؤن لوڈ کی، جس کے چندمنٹوں کے اندراس کا ڈیٹا چرالیا گیا اور چند ہزار کے قرض کے بدلے ایک لاکھ روپے سے زائد وصول کیے گئے۔ایک اورواقعے میں گچی باؤلی کے سافٹ ویئر انجینئر سے 8 لاکھ روپے ہتھیا لیے گئے، جبکہ اپل کے ایک طالب علم کوجعلی اسکرین شاٹس دکھا کرذہنی طور پر ہراساں کیا گیا۔سائبرکرائم پولیس کے مطابق یہ جعلی ایپس فون پرمکمل کنٹرول حاصل کرلیتی ہیں، گیلری اورکال لاگز کا غلط استعمال کرتی ہیں اورخوف کے ذریعے رقم وصول کرتی ہیں۔ پولیس نے شہریوں کوسختی سے مشورہ دیا ہے کہ سوشل میڈیا پرآنے والے غیرتصدیق شدہ لون اشتہارات پر ہرگز بھروسہ نہ کریں۔حکام کا کہنا ہے کہ نامعلوم لنکس سے اے پی کے فائل ڈاؤن لوڈ نہ کریں، غیرضروری اجازتیں نہ دیں،اوراگر کوئی فراڈ کا شکار ہوجائے توگھبرانے کے بجائے فوری طور پر 1930 سائبرکرائم ہیلپ لائن پر اطلاع دیں اور بینک پاس ورڈ تبدیل کریں۔اداکارہ سری لیلانے بھی عوام کوخبردار کیا ہے کہ ایک غلط کلک انسان کی عزت اورزندگی دونوں کوخطرے میں ڈال سکتا ہے۔تلنگانہ میں فوری لون فراڈ تیزی سے پھیل رہا ہے، خاص طور پرشہری علاقوں میں۔ حکام نے عوام سے اپیل کی ہے کہ ہوشیار رہیں، سوچ سمجھ کرآن لائن سرگرمیاں انجام دیں اورکسی بھی سائبرفراڈ کی فوری اطلاع دیں۔

## تلنگانہ کے محکمہ ٹرانسپورٹ میں نئی انقلابی تبدیلی۔ریاست قومی وہیکل نیٹ ورک میں شامل

حیدرآباد۔ 7رفروری (سفیر نیوزرصدائے حسینی) تلنگانہ کے محکمہ ٹرانسپورٹ میں ایک انقلابی تبدیلی آنے والی ہے۔اب تک اپنے ذاتی آئی ٹی سسٹم کے ذریعہ خدمات فراہم کرنے والا یہ محکمہ، اب قومی نیٹ ورک کا حصہ بننے جارہا ہے۔ریونت ریڈی حکومت نے پہلے ہی ڈرائیونگ لائسنس کے لئے سارتھی پورٹل متعارف کروادیا ہےاوراب گاڑیوں کی رجسٹریشن کے لئے واہن پورٹل کواس سے جوڑا جارہا ہے۔اس اقدام سے ون نیشن۔ ون رجسٹری کا خواب شرمندہ تعبیر ہوگا جس سے گاڑی مالکین کی دہائیوں پرانی مشکلات کا خاتمہ ہوجائے گا۔خاص طور پرایک ریاست سے دوسری ریاست میں گاڑیاں خریدنے یالے جانے والوں کے لئے یہ بڑی راحت کی خبرہے۔ ماضی میں دوسری ریاست سے گاڑی لانے یایہاں کی گاڑی باہرلے جانے کے لئے این اوسی کے حصول کی خاطر آرٹی اے دفاتر کے چکرلگانے پڑتے تھےلیکن اب تمام ڈیٹا مرکزی سرور پرہونے کی وجہ سے یہ عمل سکنڈوں میں آن لائن مکمل ہوجائے گا۔اس کے علاوہ سکنڈ ہینڈ گاڑیاں خریدنے والوں کے لئے بھی یہ نظام انتہائی سودمند ثابت ہوگا۔اب خریدارگاڑی کے انجن اورچیسس نمبر کے ذریعہ پورٹل پر یہ باآسانی چیک کرسکیں گے کہ گاڑی پر کتنے چالان ہیں یااس کا کوئی مجرمانہ ریکارڈ تونہیں ہے۔اس شفافیت سے دھوکہ دہی کاسدباب ہوگا۔عوام اب آرٹی اے کی زیادہ ترخدمات جیسے ڈپلیکیٹ آرسی، ایڈریس کی تبدیلی وغیرہ گھربیٹھے آن لائن حاصل کرسکیں گےجس سے دفاتر میں قطاروں اورایجنٹوں کے چکروں سے نجات ملے گی۔اب ساتھ میں دستاویزات ساتھ رکھنے کی ضرورت نہیں ہوگی کیونکہ ڈیجی لاکریاایم پریواہن ایپ میں موجودڈیجیٹل آرسی ہرجگہ قابل قبول ہوگی۔ یہ پورٹل گاڑیوں کی چوری روکنے پولیس کے لیےایک اہم ہتھیارثابت ہوگا کیونکہ تلنگانہ سے چوری کی گئی گاڑی کودوسری ریاست میں فروخت کرنے کی کوشش کرتے ہی قومی نیٹ ورک کے ذریعہ اس کی فوری شناخت ہوجائے گی۔

## نوجوان کاروباری کیروگاندھی اغواکیس کاانکشاف
### پنجاب سے ماسٹرمائنڈ تیجندرپال سنگھ گرفتار

مشرقی سنگھ بھوم، 7فروری (ہ س)۔جمشید پور کے بستوپورتھانہ علاقے کے پبلک ہیلتھ سینٹر (سی ایچ) کے رہائشی نوجوان کاروباری کیروگاندھی کے بدنام زمانہ اغوا کی پولیس کی تحقیقات میں کئی چونکا دینے والےاورسنسنی خیزحقائق سامنے آئے ہیں۔ پولیس نے اس ہائی پروفائل کیس کے ماسٹرمائنڈ، پنجاب کے لدھیانہ کے رہنے والے تیجندرپال سنگھ عرف "سردارجی" کوگرفتارکرلیا ہے۔پولیس اب اس بات کی مکمل تفتیش کررہی ہے کہ آیا اغوا کے بعدتاوان وصول کیا گیا۔دوران تفتیش پولیس مقابلے میں تین اغواکارزخمی ہوگئے۔علاج کے بعدانہیں عدالتی تحویل میں جیل بھیج دیا گیاہے۔13 جنوری کوکیروگاندھی کوپبلک ہیلتھ سینٹرکے علاقے سے اس وقت اغوا کیا گیا جب پولیس اہلکارظاہرکرنے والے مجرموں نے انہیں زبردستی گاڑی میں بٹھادیا۔اس واقعہ سے ضلع میں سنسنی پھیل گئی۔ پولیس کے مکمل چھاپے کے بعد،مغوی تاجرکو26 جنوری کی رات کو ہزاری باغ ضلع میں چوپاران-برھی سرحد کے قریب رہا کردیا گیا۔سینئرسپرنٹنڈنٹ آف پولیس (ایس ایس پی) پیوش پانڈے کے مطابق اغواکیس میں گرفتارملزم اورانکاؤنٹر میں زخمی ہونے والے محمدعمران عرف عامرسے پوچھ گچھ کے بعد معاملہ حل ہوگیا۔نالندہ ضلع کے اسلام پورتھانہ علاقے کے رہنے والےعمران نے انکشاف کیا کہ پوری سازش جمشید پور کے منگوعلاقے میں رچی گئی تھی اوراس گینگ میں کل 12 لوگ شامل تھے۔ اغوا کی منصوبہ بندی تیجندر پال سنگھ کی ہدایت پر کی گئی تھی۔عمران نے پولیس کو بتایا کہ تیجندرنے اغوامیں استعمال ہونے والی گاڑی خریدنے کے لیے چارلاکھ روپے فراہم کیے تھے۔ واقعہ کے بعد تیجندراوراس کا ساتھی سعدعالم انڈونیشیا فرار ہوگئے جہاں سے وہ تاوان کے حوالے سے مغوی کے اہل خانہ سے رابطے میں تھے۔سعدعالم کے ذریعے ہی عمران کا تیجندر سے تعارف ہوا۔تفتیش میں یہ بھی انکشاف ہوا ہے کہ اغوا سے پہلے مجرموں نے جمشید پورمیں کرائے کی رہائش تلاش کرنے، پولیس کی سرگرمیوں کی جاسوسی کرنے اورایک مکمل حکمت عملی تیارکرنے میں کئی ماہ گزارے۔اسلحہ، گولہ باروداورایک پرانی اسکارپیوگاڑی کا بھی پہلے سے بندوبست کیا گیا تھا۔اسکارپیوکوپٹنہ سےOLXکے ذریعے خریدا گیا تھا۔

## فرید آباد: سورج کنڈ میلے میں سونی پت کے خاکے اور پینٹنگ کے آرٹسٹ نے چار چاند لگایا

فرید آباد، 7فروری (ہ س)۔اس بار بین الاقوامی سورج کنڈ دستکاری میلے میں، سونی پت کی نوجوان آرٹسٹ نیتو کی برش اور پنسل کے ساتھ مہارت نہ صرف بول رہی ہے بلکہ دیکھنے والوں کوبھی مسحور کررہی ہے۔ میلے کی ہلچل کے درمیان، نیتو کا اسٹال ایک متحرک اسٹوڈیو میں تبدیل ہوگیا ہے، جہاں آرٹ سے محبت کرنے والےاس کی پینٹنگز کی پیچیدگیوں کی تعریف کرنے کے لیے رک جاتے ہیں۔اس کا فن میلے میں سب سے زیادہ مقبول اور پرہجوم مقامات میں سے ایک بن گیا ہے، جہاں آنے والے نہ صرف اس کےفن کودیکھ رہے ہیں بلکہ لائیوخاکوں کا تجربہ بھی کررہے ہیں۔ دستکاری میلے میں سٹال نمبر1104 کےقریب،سونی پت سے تعلق رکھنے والی نیتو، زندگی کے خاکے، رنگین خاکے، اور پورٹریٹ آرٹ میں اپنی مہارت کا مظاہرہ کررہی ہیں۔ وہ اپنے سامنے بیٹھے ایک شخص کے ساتھ لائیو خاکے بنارہی ہے، جو تماشائیوں کے لیے ایک دلچسپ تجربہ ہے۔ اس کے فن پاروں میں چہرے کے تاثرات، آنکھوں کی گہرائی اور رنگوں کا توازن دیکھنے والوں کوخاصا دلکش ہے۔اس کی پینٹنگز واضح طور پرزندگی کی زندہ دلی اور جذبات کی گہرائی کی عکاسی کرتی ہیں۔ نیتو نے ہریانہ حکومت کاشکریہ ادا کیا کہ اس نے اسے سورج کنڈ جیسا بین الاقوامی پلیٹ فارم مہیا کیا، جس سے اس کے فن کو ایک نئی شناخت ملی۔سورج کنڈ میلے میں اپنے فن کا مظاہرہ کرنافخر کی بات ہے،اور یہ تجربہ انہیں نئی ?? تحریک بھی فراہم کرتا ہے۔

## جموں وکشمیر میں یکم اپریل سے ڈیزل دوروپے مہنگا ہوگا

جموں 07 , فروری (ہ س)۔جموں وکشمیر کے وزیراعلی عمرعبداللہ نے اعلان کیا ہے کہ یکم اپریل2026 سے جموں وکشمیر میں ہائی اسپیڈ ڈیزل (ایچ ایس ڈی) کی قیمت میں فی لیٹر 2 روپے اضافہ ہوگا۔ یہ اضافہ ڈیزل پردی جانے والی رعایت میں کمی کے باعث ہوگا۔قانون ساز اسمبلی میں بجٹ پیش کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت نے ہائی اسپیڈ ڈیزل پر فی لیٹر 2 روپے رعایت کم کرنے کی تجویز دی ہے تاکہ قیمتوں کومعقول بنایا جاسکے اور ماحول دوست ٹیکنالوجیز کی جانب منتقلی کی حوصلہ افزائی ہو۔انہوں نے واضح کیا کہ اس اقدام کے باوجود جموں وکشمیر میں ڈیزل کی قیمتیں پڑوسی ریاستوں پنجاب، ہریانہ، ہماچل پردیش اور دہلی کے مقابلے میں کم رہیں گی۔عمرعبداللہ نے کہا کہ حکومت کوآمدنی میں اضافے کے تمام ممکنہ ذرائع تلاش کرنا ہوں گے تاکہ غریب اور کمزورطبقات کے لیے سماجی تحفظ کے اقدامات کومزید مؤثر بنایا جاسکے۔انہوں نے مزید کہا کہ موجودہ بجٹ میں فلاحی اسکیموں کومضبوط بنانے کے ساتھ ساتھ بنیادی ڈھانچے کی ترقی، پیداواری صلاحیت میں اضافہ اور معاشی نموکوتیز کرنے کے لیے جامع اقدامات شامل کیے گئے ہیں،اور یہ سب مالیاتی نظم وضبط کوبرقرار رکھتے ہوئے انجام دیا جائیگا۔

## بھارتی کوسٹ گارڈ نے تیل کی اسمگلنگ کے بین الاقوامی گروہ کاپردہ فاش کرتے ہوئے تین غیرملکی کشتیوں کوقبضے میں لیا

نئی دہلی، 7 فروری (ہ س) ہندوستانی کوسٹ گارڈ (آئی سی جی) نے ایک منصوبہ بند سمندری فضائی مربوط آپریشن کے ذریعے تیل کی اسمگلنگ کے ایک بین الاقوامی ریکٹ کا پردہ فاش کیا ہے۔اس آپریشن نے تنازعہ والے علاقوں سے نکلنے والے تیل اورتیل پرمبنی کارگو کی بڑی مقدار کی غیرقانونی منتقلی میں ملوث نیٹ ورک کوختم کردیا ہے۔آئی سی جی نے تین غیرملکی جہاز قبضے میں لے لیے ہیں، جنہیں مزید تفتیش کے لیے ممبئی پورٹ لایا جارہا ہے۔آئی سی جی کے کمانڈر امیت یونیال نے بتایا کہ 5 فروری کو ہندوستانی کوسٹ گارڈ کے جہازوں نے ممبئی سے تقریباً100 ناٹیکل میل مغرب میں تین مشکوک جہازوں کوروکا۔آئی سی جی کی ماہر بورڈنگ ٹیموں نے جہازوں کی مکمل تلاشی لی اور جہاز سے برآمد ہونے والے الیکٹرانک ڈیٹا کی تصدیق کی۔ دستاویزات کی تصدیق کی گئی اور عملے کے ارکان سے تفصیل سے پوچھ گچھ کی گئی۔ واقعے کے بارے میں مکمل معلومات اکٹھی کرنے کے بعد مجرمانہ طریقہ کار کی تصدیق کی گئی۔انہوں نے وضاحت کی کہ سمگلنگ سنڈیکیٹ نے ایک طریقہ کاراستعمال کیا جس میں بین الاقوامی پانیوں میں بحری جہازوں سےموٹرٹینکروں میں سستا تیل پہنچایا جاتا تھا۔ابتدائی تحقیقات سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ اس سنڈیکیٹ میں متعدد مما لک میں کام کرنے والے بروکرز،سمندر میں بحری جہازوں کے درمیان سامان کی فروخت اورمنتقلی شامل تھے۔ ICG کے ٹیکنالوجی پرمبنی نگرانی کے نظام سے پتہ لگانے کے بعد،ایک موٹرٹینکر ہندوستانی خصوصی اقتصادی زون کے اندر مشکوک سرگرمی میں مصروف تھا۔

## پوروانچل یونیورسٹی کے طلبہ کواب پلاسٹک کوٹڈ ڈگریاں ملیں گی

جونپور، 7 فروری (ہ س)۔ ویر بہادر سنگھ پوروانچل یونیورسٹی، جو جونپور، اتر پردیش میں واقع ہے، نے ڈگریوں کو زیادہ محفوظ اور پائیدار بنانے کی طرف ایک بڑا قدم اٹھایا ہے۔یونیورسٹی انتظامیہ نے فیصلہ کیا ہے کہ 2023 کے بعد انڈر گریجویٹ، پوسٹ گریجویٹ اور پروفیشنل کورسز سے فارغ التحصیل طلباء کو اب پلاسٹک کوٹڈ ڈگریاں ملیں گی۔یونیورسٹی انتظامیہ کے مطابق اس وقت سے پہلے گریجویشن کرنے والےطلباءکواب بھی پیپر پرنٹ شدہ ڈگریاں ملیں گی۔ نئے نظام کا مقصد ڈگریوں کوطویل عرصے تک محفوظ رکھنا اور چھیڑ چھاڑ کے امکان کو ختم کرنا ہے۔ کاغذی ڈگریاں پھاڑنے، نقصان پہنچانے یا تباہی کے لیے حساس ہوتی ہیں، جب کہ پلاسٹک لیپت ڈگریاں زیادہ مضبوط اور پائیدار ہوتی ہیں۔ نیانظام ملازمت، اعلیٰ تعلیم اورمختلف مسابقتی امتحانات کے لیے طلبا کی درخواستوں کی سہولت فراہم کرے گا۔ ہفتہ کواس معاملے پر بات کرتے ہوئے، امتحانی کنٹرولرڈاکٹر ونود کمارسنگھ نے کہا کہ پلاسٹک کی لیپت شدہ ڈگریاں ٹوٹی یاخراب ہونے کے باوجود محفوظ رہتی ہیں،جس کی وجہ سے ان کی اجازت نہیں ہے۔ڈگری پرایک خصوصی خفیہ کوڈ ہوگا،جس کی تصدیق صرف محکمانہ سطح پرکی جاسکتی ہے۔ چھیڑ چھاڑ کی صورت میں فوری طور پراس کی نشاندہی کی جائے گی۔ پلاسٹک لیپت ڈگریوں کی صداقت کی تصدیق کرنا بھی نسبتاً آسان ہوگا، مؤثرطریقے سےجعلی ڈگریوں کو روکنا۔ایسی ڈگریوں کو بین الاقوامی سطح پربھی زیادہ پذیرائی اورقبولیت حاصل ہوتی ہے۔


## حیدرآباد سے وجئے واڑہ جانے والی بس جل کرراکھ



نندیگام: حیدرآباد۔ 7رفروری (سفیر نیوزرصدائے حسینی) آندھراپردیش کے این ٹی آر ضلع کے نندیگام کے قریب ایک پرائیویٹ ٹراویلس بس اچانک آگ کی لپیٹ میں آکرمکمل طور پرجل گئی۔ یہ بس حیدرآباد سے وجئے واڑہ کی جانب جارہی تھی اوراس میں 39 مسافرسوار تھے کہ کنچیکچرلہ منڈل کے کیسراٹول گیٹ کے قریب بس کے پچھلے حصے میں واقع انجن سے دھواں اٹھنے لگا۔صورتِ حال کو بھانپتے ہوئے ڈرائیور نے فوری طور پربس کے سڑک کنارے روک دی، جس کے باعث ایک بڑا سانحہ ٹل گیا۔ڈرائیوراور عملے کی بروقت چوکسی کے نتیجے میں تمام مسافر محفوظ طریقے سے بس سے نیچے اترنے میں کامیاب رہے۔مسافروں کے اترنے کے کچھ ہی دیر بعدآگ نے شدت اختیار کرلی اور دیکھتے ہی دیکھتے پوری بس شعلوں کی نذر ہوگئی۔اطلاع ملتے ہی فائر بریگیڈ کے عملے اور پولیس اہلکارموقع پرپہنچ گئے اورکافی جدوجہد کے بعدآگ پرقابو پالیا۔

## اوٹی ٹی پلیٹ فارم پر ریلیز ہونے والی فلم کے خلاف برہمن مہاسبھا کا احتجاج

کانپور، 7فروری (ہ س)۔آل انڈیا سروبرہمن مہاسبھا کے عہدیداروں نے ویب سیریز" گھوس خورپنڈت "کے خلاف سخت احتجاج درج کرایا ہے۔ جمعہ کو، مہاسبھانے انتظامی عہدیداروں کے ذریعہ وزیراعلیٰ کوایک میمورنڈم پیش کیا، جس میں اوٹی ٹی پلیٹ فارم نیٹ فلکس پرنشرہونے والی فلم پر فوری پابندی لگانے کا مطالبہ کیا گیا۔ تنظیم کے قومی صدر، پنڈت وریندر دوبے نے کہا کہ فلم میں جان بوجھ کر برہمن برادری کومنفی اورتوہین آمیز روشنی میں پیش کیا گیا ہے، جس سے ایک خاص برادری کے جذبات کوٹھیس پہنچائی گئی ہے۔فلم میں استعمال کیا گیا پلاٹ اورڈائیلاگ سماجی ہم آہنگی کونقصان پہنچاسکتے ہیں اورذات پات کی نفرت کوفروغ دے سکتے ہیں۔آزادی اظہار کے نام پرکسی بھی برادری یاطبقے کی توہین ناقابل قبول ہے۔انہوں نے ریاستی حکومت سے معاملے کانوٹس لینے، فلم کے مواد کی چھان بین کرنے اورضروری قانونی کارروائی کرنے کا مطالبہ کیا۔انہوں نے یہ انتباہ بھی دیا کہ اگرفلم پرفوری پابندی نہیں لگائی گئی تومہاسبھاریاست گیرتحریک چلانے پرمجبور ہوگی۔انتظامی عہدیداروں نے بتایا کہ مطالبات کے خط کوموصول کیا گیا ہےاوراسے مناسب چینل کے ذریعہ حکومت تک پہنچانے کا یقین دلایا گیا ہے۔




ایڈیٹر'پرنٹر'پبلشرومالک سید جعفرحسین نے روزنامہ'صدائے حسینی' کوسری شیشائی انٹر پرائیزز' پلاٹ نمبر19 'آئی ڈی اے بالانگر'آر آرڈسٹرکٹ' تلنگانہ037 500(انڈیا) سے چھپواکر146/306-7-18 'امان نگر(اے) سے شائع کیا۔رجسٹرڈنمبر:RNI No.APURD/2009/30780 'پوسٹل رجسٹریشن نمبر HSE/910/213/215۔